مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

اُردو یونیورسٹی

نیوز میگزین

شمارہ نمبر 9 جون 2005ء



عالمی شہرت یافتہ سائنسداں و ماہر تعلیم ' پروفیسر عبید صدیقی یونیورسٹی کے نئے چانسلر

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کا (۹) واں شمارہ طباعت کے آخری مراحل میں تھا کہ عزت مآب صدر جمہوریہ ہند ڈاکٹر اے پی جے عبدالکلام کے دفتر سے بین الاقوامی شہرت کے حامل ممتاز سائنسداں اور ماہر تعلیم پروفیسر عبید صدیقی کو اُردو یونیورسٹی کا نیا چانسلر بنائے جانے کا اعلامیہ جاری ہوا۔

یونیورسٹی میگزین کے چھپتے چھپتے ملنے والی اس خوشخبری کو قارئین یونیورسٹی میگزین تک فی الفور پہچانے کے مقصد سے یہ اطلاع شائع کی جارہی ہے کہ عزت مآب صدر جمہوریہ ہند اور یونیورسٹی کے وزیٹر ڈاکٹر اے پی جے عبدالکلام نے مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کی ایکزیکیٹو کونسل کی جانب سے یونیورسٹی کے نئے چانسلر کی نامزدگی کے لیے پیش کئے گئے ناموں پر غور وخوص کے بعد پروفیسر عبید صدیقی' ایف آر ایس کو تین سال کی میعاد کے لیے مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی کا چانسلر مقرر کیا ہے۔ سابق وزیر اعظم ہند جناب اندر کمار گجرال کو ۲۴ مئی ۱۹۹۹ء اس وقت کے صدر جمہوریہ جناب کے آر نارائنن نے یونیورسٹی کا پہلا چانسلر بنایا تھا۔ یہاں اس بات کا ذکر بے محل نہ ہوگا کہ جناب عبید صدیقی نہ صرف یہ کہ ایک عالمی شہرت یافتہ سائنسداں ہیں بلکہ وہ ایک ممتاز ماہر تعلیم کی حیثیت سے بھی اپنی ایک علیحدہ شناخت رکھتے ہیں۔ ۱۹۳۲ء میں پیدا ہونے والے پروفیسر عبید صدیقی رائل سوسائٹی لندن کے فیلو ہیں۔ جناب عبید صدیقی ہندوستان بالخصوص مسلمانوں میں اعلیٰ تعلیم کے رجحان کو فروغ دینے والی شخصیت کی حیثیت سے بھی جانے جاتے ہیں۔ پروفیسر عبید صدیقی نیشنل سنٹر فار بائیلوجیکل سائنسز آف ٹاٹا انسٹی ٹیوٹ آف فنڈامنٹل ریسرچ بنگلور کے بانی ڈائرکٹر کے علاوہ کئی عالمی سائنسی اداروں کے فیلو بھی ہیں۔

وائس چانسلر کے قلم سے

اس حقیقت سے کسی کو انکار نہیں ہوسکتا کہ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی دنیا کے مختلف گوشوں میں آباد اردو بولنے اور پڑھنے والوں کے دیرینہ خوابوں کی ایک حسین تعبیر ہے۔ ۹ جنوری ۱۹۹۸ء کو پارلیمنٹ کے ایک ایکٹ کے تحت قائم کی گئی اس جامعہ میں اردو زبان وادب کے فروغ، علمی مواد کی تیاری واشاعت کے ساتھ ساتھ ہندوستانی تہذیب وثقافت کے عظیم ورثے کے تحفظ اور اس کی آبیاری کے لیے کوششیں جاری ہیں۔ آج کا سب سے اہم مسئلہ اردو میں علمی موضوعات پر کتابوں کی تیاری ہے۔ اردو یونیورسٹی کی یہ ایک اہم ذمہ داری ہے کہ فاصلاتی تعلیم کے طالب علموں کو مختلف کورسوں کا نصابی مواد فراہم کرے اور اردو میں روایتی' کلاس روم تدریس کے معیار کو مستحکم کرے۔ یہ کام اتنا آسان بھی نہیں ہے۔ علمی موضوعات پر تصنیف وتالیف کا سلسلہ کچھ ایسا ٹوٹا ہے کہ یہ کام اب نئے سرے سے شروع کرنا ہے۔ اردو یونیورسٹی کی کوشش ہے کہ یکے بعد دیگرے اہم کورسس کی تعلیم کا اس یونیورسٹی میں انتظام ہو۔ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی نے اندرا گاندھی نیشنل اوپن یونیورسٹی کے اشتراک سے فاصلاتی تعلیم میں دوسالہ بی ایڈ کورس میں داخلوں کا آغاز کیا ہے اس کے علاوہ کیمپس ایجوکیشن کے تحت ایم اے ویمنس اسٹڈیز کے دوسالہ پروگرام میں بھی جاریہ تعلیمی سال سے داخلے دیے جارہے ہیں تاکہ خواتین کو اعلیٰ تعلیم کی فراہمی کے ساتھ اُن میں شعور کی بیداری کے مقاصد کی تکمیل بھی ہوسکے۔ اردو میں یہ کورس پہلی بار پیش ہورہا ہے جبکہ بہت کم جامعات میں ویمن اسٹڈیز کے شعبے قائم ہوئے ہیں۔ حالانکہ نئی صدی میں خواتین کو ان کے اختیارات سونپنے کی کوششوں کو تیز تر کردیا گیا ہے۔ ملک میں خواتین کے حقوق کے لیے چند ادارے کام تو کررہے ہیں لیکن خواتین کی بڑی تعداد اپنے حقوق سے بے خبر ہے۔ خاص طور سے اردو مادری زبان سے متعلق خواتین اس

Scanned with CamScanner

معاملے میں سخت محرومیوں کی شکار ہیں۔ بی ایڈ کی تعلیم کے متعدد نئے اقلیتی کالج کھولے گئے ہیں۔ اس کے باوجود اردو میڈیم میں ٹرینڈ اساتذہ دستیاب نہیں ہیں۔ اردو ذریعہ تعلیم کے معیار میں انحطاط کی ایک اہم وجہ یہ بھی ہے کہ اردو ذریعہ تعلیم کے اساتذہ کو تربیت کی خاطر خواہ سہولتیں حاصل نہیں ہیں۔ اردو یونیورسٹی نے فاصلاتی طرز پر اور روایتی کلاس روم تدریس کے اصولوں کے تحت بی ایڈ کی تعلیم و تربیت کے وسیع تر انتظامات کیے ہیں جن کا اثر سارے ملک کے اردو مدارس پر پڑے گا۔ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی نے سری نگر میں جاریہ تعلیمی سال سے ایک ہمہ وقتی بی ایڈ کالج قائم کیا ہے۔ یہ پہلا موقع ہے کہ حیدرآباد کے باہر یونیورسٹی نے کلاس روم تدریس کے خطوط پر ایک علیحدہ کالج قائم کیا ہے۔ سری نگر میں بی ایڈ کالج کے قیام کی اہمیت اس لیے بھی اہم ہے کیونکہ اس ریاست کی سرکاری زبان اردو ہے۔ اسی لیے یہاں بی ایڈ کالج کے قیام کو یونیورسٹی کی ایک اہم پیش رفت قرار دیا جارہا ہے۔ مذکورہ بالا کورسوں کے علاوہ فاصلاتی نظام تعلیم کے تحت دو سالہ ایم اے ہسٹری کورس میں داخلوں کا عمل بھی جاری ہے۔ جاریہ تعلیمی سال سے جدہ سعودی عرب میں مقیم ہندوستانیوں کے لیے ہندوستانی سفارتخانے میں امتحانی مرکز کا قیام یونیورسٹی کی ایک اور اہم کامیابی ہے۔ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی نے بھوپال، سری نگر اور دربھنگہ کے علاوہ ممبئی اور کولکتہ میں بھی جاریہ تعلیمی سال سے نئے ریجنل سنٹرس قائم کیے ہیں۔

یونیورسٹی کو اس کے قیام کے سات سال بعد کیمپس کے احاطے میں مختلف شعبوں کے لیے علیحدہ علیحدہ عمارتوں کی تعمیر کی اجازت مل چکی ہے اور اس کے لیے درکار مالیہ کا حصول یونیورسٹی کی ایک اہم کامیابی ہے۔ پہلے مرحلے میں ڈائرکٹوریٹ آف ڈسٹنس ایجوکیشن کی عمارت کے ساتھ وائس چانسلر لاج، لکچر ہال کامپلکس، اسٹاف کوارٹرس اور دیگر عمارتوں کی تعمیر کا بہت جلد آغاز کیا جائے گا۔ اس کے لیے تمام ابتدائی تیاریاں مکمل کرلی گئی ہیں۔ نیوز میگزین کے گزشتہ شمارے میں یونیورسٹی کے تعلیمی و مقصدی پروگراموں کے علاوہ تعمیری پروگراموں کا ذکر کیا گیا تھا، جس میں قابلِ لحاظ حد تک پیش رفت ہوئی ہے۔ ان عمارتوں کی تعمیر کے لیے گذشتہ دنوں کنٹراکٹس کی اجرائی بھی عمل میں آچکی ہے۔ مجھے یقین ہے کہ یونیورسٹی کے تمام شعبے جون ۲۰۰۶ سے اپنی عمارتوں میں کام کرنا شروع کردیں گے۔

۱۹ مارچ ۲۰۰۴ء کو مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے وائس چانسلر کی حیثیت سے جائزہ حاصل کرنے کے بعد سے میری یہ کوشش رہی ہے کہ یونیورسٹی کی تعلیمی، تربیتی و مقصدی سرگرمیوں کو جنگی بنیادوں پر پایہ تکمیل کو پہنچاؤں تاکہ دنیا کے چپے چپے میں رہنے بسنے والے محبانِ اردو اُن مقاصد کو جلد از جلد حاصل کرسکیں جن کے لیے انہوں نے عثمانیہ یونیورسٹی کے ذریعہ تعلیم کے تبدیل کیے جانے کے بعد سے مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے قیام تک ایک طویل ترین انتظار کی صعوبت برداشت کی تھی۔

اے ایم پٹھان

یونیورسٹی کیمپس میں مختلف عمارتوں کی تعمیر کیلئے کنٹراکٹ کی اجرائی کے موقع پر لی گئی تصویر میں وائس چانسلر پروفیسر اے ایم پٹھان، رجسٹرار جناب فاروق احمد، کنسلٹنٹ جناب سلیم دوداولا، کنٹراکٹر جناب سدھاکر ریڈی اور جناب ایس اے واحد آفیسر آن اسپیشل ڈیوٹی دیکھے جاسکتے ہیں۔

اُردو یونیورسٹی میں ڈاکٹر اوصاف سعید کا خطاب

زیر نظر تصویر میں: وائس چانسلر پروفیسر اے ایم پٹھان، رجسٹرار جناب فاروق احمد اور ڈاکٹر اوصاف سعید

ڈاکٹر اوصاف سعید قونصل جنرل ہند متعینہ جدہ سعودی عرب نے کہا کہ اساتذہ اردو عصری طریقہ تعلیم اختیار کریں تاکہ اردو زبان و ادب کو عصری علوم کی طرح فروغ دینے میں مدد مل سکے۔ اس خیال کا اظہار ڈاکٹر سعید نے مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں اُن کے اعزاز میں منعقدہ ایک خیر مقدمی تقریب کے دوران کیا۔ ڈاکٹر اوصاف سعید نے کہا کہ سعودی عرب میں مقیم تقریبا 16 لاکھ ہندوستانیوں کے منجملہ تیس تا پینتیس فیصد ہندوستانیوں کا تعلق آندھرا پردیش سے ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ تعداد دنیا کے کسی بھی ملک میں مقیم ہندوستانیوں کی تعداد سے زیادہ ہے۔ ڈاکٹر سعید نے کہا کہ سعودی عرب میں مقیم ہندوستانی طلبا کو بارہویں جماعت تک تعلیم حاصل کرنے کی سہولت حاصل ہے لیکن اعلیٰ تعلیم کے لیے انھیں ہندوستان یا دوسرے ممالک کا رخ کرنا پڑتا ہے۔ اس ضرورت کے پیش نظر اعلیٰ تعلیم کے لیے ہندوستانی یونیورسٹیوں کے تعلیمی مراکز کا سعودی عرب میں قیام سود مند ثابت ہوسکتا ہے۔ انہوں نے مولانا آزاد نیشنل یونیورسٹی سے اردو ذریعہ تعلیم کے مختلف کورس میں داخلہ کے لیے غیر مقیم ہندوستانیوں بالخصوص خانہ دار خواتین کی دلچسپی کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ اگر اندرا گاندھی نیشنل اوپن یونیورسٹی کی طرز پر مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی اپنے اسٹڈی سنٹرس اور امتحانی مراکز جدہ میں قائم کرے تو یہاں مقیم لوگوں کو زیادہ سے زیادہ استفادہ کا موقع ملے گا۔

ڈاکٹر اوصاف سعید نے یونیورسٹی کے اسٹڈی سنٹرس اور امتحانی مرکز کے جدہ میں قیام کے لیے اپنی جانب سے تمام تر سہولتیں فراہم کرنے کا یقین دلایا۔ اس موقع پر وائس چانسلر مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی پروفیسر اے ایم پٹھان نے ڈاکٹر اوصاف سعید کی پیشکش کا خیر مقدم کرتے ہوئے جاریہ تعلیمی سال سے ہی جدہ میں مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کا امتحانی مرکز قائم کرنے کا اعلان کیا۔ پروفیسر پٹھان نے سعودی عرب میں مقیم ہندوستانی طلبا و طالبات کو مشورہ دیا کہ وہ اپنے ہندوستانی رشتہ داروں کے تعاون سے یونیورسٹی میں داخلے کی تکمیل کریں۔ ایسے طلبا کے امتحانات کا جدہ کے امتحانی مرکز میں انعقاد عمل میں لایا جائیگا۔ پروفیسر پٹھان نے ڈاکٹر سعید کو حیدرآباد کا مایہ ناز سپوت قرار دیتے ہوئے ان کے شاندار کیریر کا تفصیلی ذکر کیا اور امید ظاہر کی کہ سعودی عرب میں ہندوستانی سفارتخانے کے ساتھ ڈاکٹر اوصاف سعید کی متحرک شخصیت کی وجہ سے بہتر تال میل قائم کرنے میں مدد ملے گی۔

اپنی بات ....

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے قیام کے ساتھ ہی ایک براڈ کاسٹر جرنلسٹ ہونے کے باعث راقم یونیورسٹی کی ترقی و ترویج بالخصوص اس کے تعلیمی و مقصدی پروگراموں اور ان کے فروغ و توسیع کے لیے روز افزوں کی جاری کاوشوں سے بہت ہی قریب سے واقف رہا ہے۔ الکٹرانک اور پرنٹ میڈیا کے بیشتر نمائندہ اداروں بشمول آل انڈیا ریڈیو حیدرآباد میں ایک مستقل براڈ کاسٹر اور دوردرشن کیندر حیدرآباد سے اردو نیوز ریڈر اور Anchor کی حیثیت سے دو دہائیوں تک جڑے رہنے کے بعد میں نے ۴ مئی ۲۰۰۵ء کو یونیورسٹی کے شعبہ تعلقات عامہ میں اسسٹنٹ پبلک ریلیشن آفیسر اور پھر انچارج ڈپارٹمنٹ آف پبلک ریلیشنز کا جائزہ حاصل کیا ہے۔

نیوز میگزین کی گزشتہ یعنی آٹھویں شمارے کی اشاعت تک ڈاکٹر محمد ظفر الدین، جن کا ریڈر اور انچارج ٹرانسلیشن ڈویژن تقرر عمل میں آیا ہے، نیوز میگزین کی ادارت کے فرائض بحسن خوبی انجام دے رہے تھے۔ اس شمارے سے راقم کو یہ ذمہ داری سونپی گئی ہے اس کے لیے میں شیخ الجامعہ پروفیسر اے ایم پٹھان اور رجسٹرار جناب فاروق احمد سے اظہار تشکر کرتے ہوئے نیوز میگزین کی مجلسِ ادارت کے علاوہ تمام شعبوں کے سربراہوں سے حسب سابق نیوز میگزین کی پابندی اشاعت کے لیے تعاون کی درخواست کرتا ہوں۔ سرپرست اعلیٰ و شیخ الجامعہ پروفیسر عبدالجلیل خاں محمد پٹھان کی اجازت سے انشاء اللہ بہت جلد نیوز میگزین کی تزئین نو کے لیے ضروری قدم اٹھائے جائیں گے۔ مجلس ادارت میں یونیورسٹی کے تمام شعبوں کے صدور کی نمائندگی کے ساتھ ہر شمارے کے لیے ایک مہمان مدیر کی خدمات سے استفادے کی کوشش کی جائیگی۔ زیر نظر شمارے میں دانستہ یا نادانستہ کسی بھی سہو کے لیے اعتذار کے ساتھ نیوز میگزین کا یہ نواں شمارہ اس یقین کے ساتھ پیش خدمت ہے کہ انشاء اللہ نقشِ ثانی نقشِ اول سے بہتر ہوگا۔

وائس چانسلر کے قلم سے اس میگزین کا مستقل کالم ہے۔ یہ کالم اردو کے ساتھ انگریزی میں بھی پیش کیا جاتا ہے تاکہ اس کی رسائی زیادہ سے زیادہ لوگوں تک ہوسکے۔ یہ وضاحت ضروری ہے کہ انگریزی کا متن من و عن اردو کا ترجمہ نہیں ہے۔

ڈاکٹر محمد شجاعت علی راشد، ایڈیٹر و انچارج شعبہ تعلقات عامہ

Scanned with CamScanner

مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی
بیک نظر

ایکٹ کے مطابق یونیورسٹی کے مقاصد

- اُردو زبان کی ترقی و ترویج
- اُردو ذریعہ تعلیم سے پیشہ ورانہ اور فنی تعلیم و تربیت کی فراہمی
- اُردو ذریعہ تعلیم سے روایتی اور فاصلاتی طریقوں سے تعلیم کی فراہمی
- تعلیم نسواں پر خصوصی توجہ

قیام	:	09 جنوری 1998
ہیڈکوارٹرس	:	حیدرآباد
وزیٹر	:	صدر جمہوریہ هند (عزت مآب بھارت رتن ڈاکٹر اے پی جے عبدالکلام)
چانسلر	:	پروفیسر عبید صدیقی (سابق ڈائرکٹر نیشنل سنٹر فار بائیولوجیکل سائنسز آف ٹاٹا انسٹیوٹ آف فنڈامنٹل ریسرچ بنگلور)
وائس چانسلر	:	پروفیسر اے ایم پٹھان
رجسٹرار	:	جناب فاروق احمد کے اے ایس
فینانس آفیسر	:	جناب وائی جینت راؤ آئی اے اینڈ اے ایس
ریجنل سنٹرس	:	8 (دهلی پٹنه بنگلور بھوپال دربھنگه سری نگر ممبئی کولکته)
اسٹڈی سنٹرس	:	100 ملک کی 15 ریاستوں میں
طالب علموں کی تعداد	:	فاصلاتی (لگ بھگ 30,000) کیمپس (300)

فاصلاتی نظام کے تحت کورسز

دوسالہ پوسٹ گریجویٹ کورس	:	ایم اے اُردو ایم اے هسٹری
دوسالہ ڈگری کورس	:	بی ایڈ
تین سالہ ڈگری کورسز (3)	:	بی اے بی ایس سی بی کام
ایک سالہ ڈپلومہ کورس	:	ٹیچ انگلش
چھ ماہی سرٹیفکیٹ کورسز (5)	:	غذا اور تغذیه اهلیت اُردو بذریعه هندی اهلیت اُردو بذریعه انگریزی فنکشنل انگلش کمپیوٹنگ

کیمپس کے تحت کورسز

دوسالہ پوسٹ گریجویٹ کورسز	:	ایم اے اُردو ایم اے انگلش ایم بی اے ایم اے ان ماس کمیونیکیشن اینڈ جرنلزم ایم اے ویمنس اسٹڈیز
ایک سالہ کورس	:	بیچلر آف ایجوکیشن (بی ایڈ)
دوسالہ ڈپلومہ کورس	:	ڈپلومہ ان ایجوکیشن (ڈی ایڈ)

www.manuu.ac.in

Maulana Azad National Urdu University at a Glance

The mandate of the University, as per the Act, is :

- to promote and develope Urdu language;
- to provide vocational and technical education;
- to provide education through conventional teaching and distance education system;
- to provide focus on women's education.

Established on	:	9th January 1998
Headquarters	:	Hyderabad
Visitor	:	*President of India* **(Hon'ble Dr.A. P. J. Abdul Kalam)**
Chancellor	:	**Prof. Obaid Siddiqi** *(Former Director, National Centre for Biological Sci. of TATA Institute of Fundamental Research, Bangalore)*
Vice Chancellor	:	**Prof. A. M. Pathan**
Registrar	:	**Mr. Farooq Ahmed,** KAS
Finance Officer	:	**Mr. Y. Jayant Rao,** IA & AS
Regional Centres	:	8 (*Delhi, Patna, Bangalore, Bhopal, Darbhanga, Srinagar, Mumbai, Kolkata*)
Study Centres	:	100 *spread-over* 15 *States of the Country*
Students on roll	:	Distance Education (**approx. 30,000**) Campus (300)

Courses offered:

Distance Mode

2 years Postgraduate course : M.A. Urdu, M.A. History

2 years Degree Course : B.Ed.

Three years Degree Courses:

i) B. A. ii) B.Sc. iii) B.Com.

One year Diploma course : Teach English

Six month's Certificate Courses:

i) Food & Nutrition
ii) Proficiency in Urdu through English
iii) Proficiency in Urdu through Hindi
iv) Functional English v) Computing

Campus Education

2 years Postgraduate Courses:

(i) M.A. Urdu (ii) M.A. English (iii) M.B.A
(iv) M.A. in Mass Communication & Journalism
(v) M.A. Women's Studies

One year course Bachelor of Education (B.Ed.)

2 years Diploma in Education : D.Ed.

''یونیورسٹی کی شناخت اس کی علمی وادبی فضا سے'' - پروفیسر اے ایم پٹھان

کسی بھی یونیورسٹی کی شناخت اس کی علمی وادبی فضا سے قائم ہوتی ہے۔لہذا اساتذہ اور طلبہ یونیورسٹی کی علمی وادبی اور تحقیقی فضا میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔یونیورسٹی ہر طرح سے آپ کا تعاون کرے گی''۔ پروفیسر اے ایم پٹھان شیخ الجامعہ مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی نے شعبۂ اُردو کے تحت بزم اُردو اور مجلس زور (سیمنار کمیٹی) کے افتتاحی اجلاس کو مخاطب کرتے ہوئے ان خیالات کا اظہار کیا۔انھوں نے بزم اُردو کے قیام کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ دوسرے شعبے بھی اس طرح کے پروگرام منعقد کریں۔وائس چانسلر نے خصوصی طور سے طلبہ سے کہا ''طلبہ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ اگر وہ چار بنیادی مہارتوں (یعنی سننا، کہنا، لکھنا اور پڑھنا) پر قدرت حاصل کرلیں تو وہ کسی بھی مضمون اور زبان پر آسانی سے عبور حاصل کرسکتے ہیں۔''

تصویر میں وائس چانسلر پروفیسر اے ایم پٹھان ریاستی وزیر جناب محمد علی شبیر اور ڈاکٹر خدیجہ بیگم

مسلمان تعلیمی مواقع سے استفادہ کریں' محمد علی شبیر

مسلمانوں کا تعلیم حاصل کرنا ازحد ضروری ہے' جو بھی مواقع انہیں حاصل ہیں انہیں ان سے استفادہ کرنا چاہیے۔ان خیالات کا اظہار جناب محمد علی شبیر' ریاستی وزیر برائے اطلاعات وتعلقات عامہ نے مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی کے بی ایڈ ریگولر کورس کی افتتاحی تقریب میں کیا۔انہوں نے کہا کہ آج کل والدین اپنے بچوں کو زیادہ تر انگریزی میڈیم سے تعلیم دلوارہے ہیں جبکہ بچوں کا گھریلو ماحول زیادہ تر اردو سے متعلق ہوتا ہے ایسی صورت میں بچہ دشواری کا شکار ہورہا ہے جس کے باعث 10 فیصد مسلمان بچے ہی انگریزی میڈیم سے اعلیٰ تعلیم حاصل کررہے ہیں۔انہوں نے اس امر پر مسرت ظاہر کی کہ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں 53 فیصد خواتین ہیں۔انہوں نے بی ایڈ طلبا پر زور دیا کہ وہ مستقبل کے اساتذہ ہیں جو آنے والے دنوں میں ملک سے غریبی اور جہالت کے خاتمے کے لیے اہم رول ادا کریں گے لہٰذا انہیں چاہیے کہ وہ بنیادی طور پر اپنے کو بہتر انداز میں مستحکم بنالیں۔ جناب محمد علی شبیر نے وائس چانسلر پروفیسر اے ایم پٹھان کو مبارکباد دی کہ ان کی جدوجہد کی بدولت بی ایڈ کورس کا آغاز ہوا ہے۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے سابق وائس چانسلر عثمانیہ یونیورسٹی ایم ملا ریڈی نے کہا کہ اساتذہ کو اس بات پر زور دینا چاہیے کہ وہ ایک جماعت کے تمام طالب علم کو ایک ہی نظر سے دیکھیں۔بی ایڈ طالب علموں کو انہوں نے مشورہ دیا کہ وہ اپنی لگن' محنت اور جستجو سے ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کریں۔

اپنی صدارتی تقریر میں وائس چانسلر پروفیسر اے ایم پٹھان نے اپنے اس موقف کا اعادہ کیا کہ وہ ہر ذہین اور باصلاحیت طالب علم کو حصول تعلیم کے ہر ممکن مواقع فراہم کرنے کے لیے کوشاں ہیں۔اس سلسلے میں وہ اسکالرشپ اور فری شپ وغیرہ کے امکانات پیدا کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ بی ایڈ کورس کے آغاز میں تاخیر کے باوجود طلبا کا رجحان اس طرف زیادہ ہے جس کا واضح ثبوت یہاں حیدرآباد میں بی ایڈ کی صرف 100 نشستوں کے لیے ایک ہزار سے زائد اُمیدواروں کی درخواستوں کی موصولی ہے۔انہوں نے کہا کہ تعلیم کے معیار کو بلند کرنے کے لئے حتی المقدور کوشش کی جارہی ہے۔یونیورسٹی کے رجسٹرار جناب فاروق احمد نے یونیورسٹی کی کارکردگی پر روشنی ڈالی۔

یونیورسٹی میں ملٹی میڈیا سنٹر کا قیام - وائس چانسلر

''مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی میں عنقریب ایک عصری ملٹی میڈیا سنٹر کا قیام عمل میں آئے گا۔اس میڈیا سنٹر میں عہد حاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگ اردو نصاب کا الیکٹرانک مواد تیار کیا جائے گا۔مواد کی تیاری میں اردو ٹیچنگ اور ریسرچ سنٹر لکھنؤ کے ساتھ اشتراک کیا جاسکتا ہے۔چوں کہ دونوں اداروں کے اغراض ومقاصد بہت حد تک مشترک ہیں لہذا اردو کے فروغ واستحکام اور اس کی ترقی وترویج میں یہ اشتراک ایک خوش آئند اقدام ہوگا''۔شعبۂ اردو کے زیر اہتمام اردو ٹیچنگ اور ریسرچ سنٹر لکھنؤ کے زیر تربیت اساتذہ کے اجلاس کو مخاطب کرتے ہوئے وائس چانسلر پروفیسر اے ایم پٹھان نے ان خیالات کا اظہار کیا۔آسام کے زیر تربیت معلم کی خواہش پر وائس چانسلر نے یہ یقین دلایا کہ ۵۰ طلبہ کی فراہمی پر اردو یونیورسٹی آسام میں اپنے اسٹڈی سنٹر کا قیام عمل میں لائے گی۔

شعبہ فاصلاتی نظام تعلیم میں کونسلرز کا ورک شاپ

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے شعبہ فاصلاتی نظامِ تعلیم کی جانب سے جہاں مختلف کورسز چلائے جارہے ہیں وہیں ان کورسز سے استفادہ کرنے والے طلباء کو عصری سہولتوں کے ساتھ تمام کورسز کی کامیاب تکمیل کے لیے بھی ہر قسم کی سہولت بہم پہونچائی جارہی ہے۔اسے سلسلے کے تحت ڈائرکٹوریٹ آف ڈسٹنس ایجوکیشن کے زیر اہتمام یونیورسٹی کیمپس میں 6 جنوری 2005ء کو ایک روزہ ورک شاپ ''کونسلرز اور ینٹیشن'' کا انعقاد عمل میں لایا گیا جس میں دونوں شہروں حیدرآباد اور سکندرآباد میں قائم یونیورسٹی کے اسٹڈی سنٹرس سے وابستہ تقریباً چالیس کونسلرز نے شرکت

Scanned with CamScanner

کی۔ اس ورک شاپ میں یونیورسٹی کے تعلیمی پروگراموں کو عصری تقاضوں سے ہم آہنگ کرتے ہوئے طلباء کو اعلیٰ تعلیم کی فراہمی کے ضمن میں یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر اے ایم پٹھان کی جانب سے اپنائی جانے والی حکمت عملی سے واقف کروایا گیا۔

ایم اے اُردو کے طلبہ میں اسکالر شپس کی تقسیم

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کیمپس میں پروفیسر جے اے کے ترین' سی ای او ساؤتھ ایشیاء فاونڈیشن (انڈیا) نے ایم اے فاصلاتی کورس کے طلبہ میں ایس اے ایف اسکالرشپس تقسیم کیے۔ فاونڈیشن نے یونیورسٹی کے 150 طلباء وطالبات کو فی کس 4500 روپے کی اسکالرشپس منظور کیے ہیں۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے پروفیسر ترین نے بتایا کہ ساؤتھ ایشیا فاونڈیشن کی بنیاد یونیسکو کے خیرسگالی سفیر جناب مدن جیت سنگھ نے ڈالی ہے اور اس کے ذریعہ جنوب ایشیاء ممالک کے نظرانداز کردہ اور کمزور طبقات کے طلبہ میں اسکالرشپس تقسیم کیے جاتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ جناب مدن جیت سنگھ انسانیت کی خدمت کرنے کا جذبہ رکھتے ہیں اور انہیں غربت زدہ طبقات کی فکر لاحق رہتی ہے۔ انہوں نے ساؤتھ ایشیاء اسٹوری نامی ایک کتاب شائع کی تھی جس سے جو کچھ آمدنی حاصل ہوئی اسے فلاحی کاموں پر خرچ کرنا چاہتے تھے۔ تب ان کے بیٹے نے اس رقم کے ذریعہ اپنی فرم میں سرمایہ کاری کرنے کا مشورہ دیا اور اسطرح اے ٹی جی کمپنی کے خریدے گئے شیئرس کی رقم 400 ملین ڈالرس میں تبدیل ہوگئی جس سے ساؤتھ ایشیاء فاونڈیشن کے نام سے ایک ٹرسٹ قائم کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ مدن جیت سنگھ کا یہ نظریہ رہا ہے کہ جنوب ایشیائی ممالک ایک دوسرے سے تصادم کی راہ ترک کرکے متحد ہوجائیں تو وہ کافی آگے بڑھ سکتے ہیں اور اسی میں ان کی بقاء پنہاں ہے۔ انہوں نے یوروپی یونین کی طرح جنوب ایشیائی ممالک کا اتحاد قائم کرتے ہوئے مشترکہ کرنسی SASIA کا بھی نظریہ پیش کیا۔ پروفیسر ترین نے بتایا کہ فاونڈیشن کی جانب سے ہر سال 2.5 ملین ڈالرس کے اسکالرشپس تقسیم کیے جاتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ فاونڈیشن کے ہندوستانی چیاپٹر کے چیرپرسن جناب آئی کے گجرال سابق وزیراعظم ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ سلمس بستیوں میں تعلیم کو عام کرنے کے لیے ایسی بستیوں سے ہی ناخواندہ لڑکیوں کا انتخاب کرتے ہوئے انہیں پری پرائمری؍پرائمری ایجوکیشن کا درس دیا اور پھر انہیں اپنی اپنی سلم بستیوں میں نرسری اسکولس قائم کرنے کی ترغیب دی تاکہ یہ لڑکیاں اپنی آمدنی کا ذریعہ بھی حاصل کرسکیں۔ انہوں نے مشورہ دیا کہ یونیورسٹی اسی طرز پر ایک پروگرام شروع کرسکتی ہے جس کے لیے فاونڈیشن سے مالیہ فراہم کرنے پر غور کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اقلیتوں کی اکثریت بہت پیچھے رہ گئی ہے اور انہیں ترقی وفروغ کے اتنے زیادہ مواقع میسر نہیں آسکے جو دیگر ابنائے وطن کو حاصل ہیں۔ پروفیسر ترین نے کہا کہ پروفیسر پٹھان کی کاوشوں کے نتیجے میں ہی یونیورسٹی طلبہ کو یہ اسکالرشپ ملی ہے۔ اس موقع پر وائس چانسلر پروفیسر اے ایم پٹھان نے کہا کہ جیسے ہی انہیں پتہ چلا کہ فاونڈیشن فاصلاتی ذریعہ تعلیم کے طلبہ کو اسکالرشپس فراہم کرتا ہے انہوں نے فاونڈیشن سے رجوع ہوتے ہوئے یونیورسٹی کے طلبہ کے لیے اسکالرشپس کے حصول کی کوشش کی اگرچہ اس کی آخری تاریخ ہوچکی تھی مگر ہماری درخواست پر خصوصی طور پر غور کیا گیا اور 150 سے زائد طلباء کو اس اسکالرشپ کے لیے منتخب کیا گیا۔ مجھے یقین ہے کہ آئندہ یہ تعداد دوگنی اور اس سے بھی بڑھ جائے گی۔ یونیورسٹی کے رجسٹرار جناب فاروق احمد نے یونیورسٹی کی کارکردگی سے واقف کروایا اور بتایا کہ بہت جلد تعلیمی سال سے ایم اے ہسٹری؍ایم اے پولیٹیکل سائنس اور ایم اے ایڈمنسٹریشن کا آغاز ہوگا۔ کوآرڈی نیٹر و لکچرر شعبہ فاصلاتی تعلیم ڈاکٹر نکہت جہاں نے اس پروگرام کی کارروائی چلائی۔

ساؤتھ ایشین فاؤنڈیشن کی جانب سے منظورہ اسکالرشپ کی تقسیم کے موقع پر منعقدہ تقریب کو پروفیسر جے اے کے ترین مخاطب کررہے ہیں۔ تصویر میں وائس چانسلر پروفیسر اے ایم پٹھان، رجسٹرار جناب فاروق احمد اور ڈاکٹر نکہت جہاں دیکھے جاسکتے ہیں۔

تدریسی مواد کی تیاری اردو اساتذہ کی ذمہ داری۔ وائس چانسلر

عصر حاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگی کے لیے اردو یونیورسٹی چاہتی ہے کہ اردو میں الیکٹرانک تدریسی مواد تیار کیا جائے تاکہ اردو زبان بھی انگریزی زبان کی طرح وقیع اور موثر بن جائے اور اس زبان میں تعلیم حاصل کرنے والا طالب علم بھی عصری چیلنجس کا مقابلہ کرسکے۔ اس کام میں اردو اساتذہ بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔ اس ضمن میں جو بھی ادارہ آگے آئے تو اردو یونیورسٹی اس کے ساتھ ہر قسم کے تعاون اشتراک کے لیے تیار ہے۔ پروفیسر اے ایم پٹھان، وائس چانسلر اردو یونیورسٹی نے ڈگری کالجوں کے اساتذۂ اردو سے خطاب کرتے ہوئے ان خیالات کا اظہار کیا۔ انھوں نے مزید کہا کہ اردو یونیورسٹی اردو میڈیم سے نہ صرف اعلیٰ تعلیم فراہم کرنے پر عمل پیرا ہے بلکہ اردو ملت کے پس ماندہ طبقے کو اور خصوصاً تارک العلم (Drop outs) کو پھر سے تعلیم سے

جوڑنے کی خواہش مند ہے۔ اس سلسلے میں نئے کورسز کی تیاری زیرغور ہے۔

شعبۂ اردو نے شہر کے ڈگری کالجوں کے اساتذۂ اردو سے تبادلۂ خیال کے لیے ایک اجلاس بعنوان "ڈگری کالجوں کے اساتذۂ اردو کے ساتھ ایک مکالمہ" کا اہتمام کیا تھا۔ یونیورسٹی کے رجسٹرار جناب فاروق احمد نے یونیورسٹی کی کارکردگی پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ پروفیسر اے ایم پٹھان کی حرکیاتی قیادت کے نتیجے میں نہ صرف کیمپس ایجوکیشن کا آغاز ہوا بلکہ عنقریب ملٹی میڈیا سنٹر' اردو آرکائیوز' نظامت فاصلاتی تعلیم کی عمارت' ایک عصری لائبریری' طلبہ کے لیے ہاسٹل' گیسٹ ہاؤس اور وائس چانسلر لاج کی تعمیر عمل میں لائی جائیگی۔

اُردو یونیورسٹی کے طُلبا بنگلور کے بی ایڈ کالجس میں داخلے کے لیے اہل

مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی کے طلبا کو بنگلور یونیورسٹی سے ملحقہ بی ایڈ کالجس میں داخلے کا اہل قرار دیا گیا ہے۔ بنگلور یونیورسٹی سنڈیکیٹ نے اپنے ایک تاریخی فیصلے میں مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر اے ایم پٹھان کی جانب سے بنگلور یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر تمپا کو دلائی گئی توجہ کے بعد بنگلور یونیورسٹی میں منعقدہ ایک اعلیٰ سطحی اجلاس میں اس کی منظوری دے دی ہے۔ ڈاکٹر کے آر اقبال احمد' ڈائرکٹر شعبہ فاصلاتی نظام تعلیم' مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے علاوہ بنگلور یونیورسٹی کی ڈین اسکول آف ایجوکیشن پروفیسر سدھا بھی اس اجلاس میں شریک تھیں۔ اس فیصلے کا سرپرستوں کے علاوہ طلبا وطالبات اور بنگلور کی کئی ایک اردو تنظیموں کی جانب سے خیرمقدم کیا جارہا ہے۔ یہاں اس بات کا ذکر بے محل نہ ہوگا کہ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں فاصلاتی طریقے تعلیم سے دوسالہ بی ایڈ کورس اور روایتی طریقے تعلیم سے ایک سالہ بی ایڈ کورس بھی چلایا جارہا ہے۔

ریڈیو آج بھی ترسیل کا موثر ذریعہ' رجسٹرار

آل انڈیا ریڈیو حیدرآباد میں منعقدہ ریڈیو پروڈکشن اختتامی تقریب کا ایک منظر، رجسٹرار جناب فاروق احمد مخاطب کرتے ہوئے' جناب منظور الامین' جناب جے لال' محترمہ ویداوتی اور پروفیسر اسد نظام بھی دیکھے جاسکتے ہیں۔

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے شعبۂ ترسیل عامہ اور صحافت کے طلباء کا ریڈیو پروڈکشن میں چھ روزہ تربیتی کورس آکاش وانی حیدرآباد میں منعقد کیا گیا۔ اس موقع پر آل انڈیا ریڈیو کے دفتر میں ایک تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ جسے ڈپٹی ڈائرکٹر جنرل آل انڈیا ریڈیو جناب جی جے لال اور مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے رجسٹرار جناب فاروق احمد نے خطاب کیا۔ انھوں نے اس کورس کے لیے طلباء کی محنت' لگن اور حوصلے کی ستائش کی۔ انھوں نے ریڈیو کو آج بھی ابلاغ عامہ کا ایک موثر ذریعہ قرار دیا۔

کورس کے دوران طلباء نے تین ڈاکومینٹری پروگرام تیار کیے جس کے عنوانات ''سالار جنگ میوزیم''' برلا پلانیٹریم'' اور ''چوڑیاں'' تھے جسے کافی سراہا گیا۔ طلبا نے ان پروگراموں کی تیاری میں اِن ڈور اور آؤٹ ڈور ریکارڈنگ انٹرویو اور اسکرپٹ رائٹنگ کے کام کو بحسن وخوبی انجام دیا اور تکنیکی باریکیوں سے واقفیت حاصل کی۔

اس تربیتی کورس کا آغاز 4 مئی 2005ء کو ہوا تھا جس کا افتتاح آل انڈیا ریڈیو حیدرآباد کے اسٹیشن ڈائرکٹر ڈاکٹر پی ایس گوپال کرشنا نے کیا تھا۔ تقریب میں ڈپٹی ڈائرکٹر جنرل ڈاکٹر آر اے پدمنا بھاراؤ نے ریڈیو کی اہمیت وافادیت پر روشنی ڈالتے ہوئے اس کورس کے لیے طلباء کے جوش وجذبے کی ستائش کی۔ ڈائرکٹر آل انڈیا ریڈیو نے مستقبل میں آل انڈیا ریڈیو حیدرآباد میں طلبا کو خدمات انجام دینے کی دعوت دی۔

اس تقریب سے سبک دوش ایڈیشنل ڈائرکٹر جنرل دوردرشن جناب منظور الامین' اردو یونیورسٹی کے صدر شعبۂ ترسیل عامہ اور صحافت پروفیسر اسد نظام نے بھی خطاب کیا۔ کورس کوآرڈی نیٹر اور آل انڈیا ریڈیو کی ڈپٹی ڈائرکٹر آر ٹی آئی (پی) شریمتی ویداوتی نے پروگرام کی نظامت کے فرائض انجام دیے۔ عملی تربیت کے اس کورس کے کامیاب انعقاد میں صدر شعبہ کے علاوہ جناب آفتاب عالم بیگ لکچرر اور جناب فرحت اللہ بیگ نے اہم رول ادا کیا۔

کلکتہ میں یونیورسٹی کے ریجنل سنٹر کا قیام

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر اے ایم پٹھان کی جانب سے اردو ذریعے تعلیم سے فاصلاتی اور روایتی تعلیم کے فروغ کے لیے کی جارہی کاوشوں کا ملک کی مختلف ریاستوں کے علاوہ خلیجی ممالک سے بھی حوصلہ افزاء ردعمل مل رہا ہے۔ بالخصوص پروفیسر پٹھان کی جانب سے اردو تعلیم کو عصری تقاضوں سے مربوط کرنے کے لیے کی جارہی مساعی کی بھی ہر گوشہ

Scanned with CamScanner

سے ستائش کی جارہی ہے۔ چنانچہ مسلم انسٹی ٹیوٹ کلکتہ نے جاریہ تعلیمی سال سے مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے کلکتہ میں ریجنل سنٹر کے قیام کے لیے انسٹی ٹیوٹ کے احاطے میں جگہ کی فراہمی کی پیش کش کی ہے۔ تقریباً120 سالہ قدیم اس ادارے میں برائے نام معاوضہ پر ریجنل سنٹر کے قیام کے ذریعے کلکتہ کے محبان اردو بالخصوص مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے فاصلاتی ذریعے تعلیم سے تعلیم حاصل کرنے والے طلبا کے ایک دیرینہ مطالبے کی تکمیل ہوئی ہے۔ مغربی بنگال کے وزیر لیبر جناب محمد امین نے کلکتہ میں یونیورسٹی کے ریجنل سنٹر کے قیام کے لیے اراضی کی فراہمی کا یقین دلایا ہے جبکہ نیشنل لائبریری کلکتہ نے مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کی نمایاں کارکردگی کے پیش نظر مغربی بنگال میں مقیم یونیورسٹی کے تمام طلباء کو نیشنل لائبریری کی رکنیت دینے کا اعلان کیا ہے۔ مارکسسٹ پارٹی کے رکن اسمبلی کامریڈ ابوسفیان مغربی بنگال میں یونیورسٹی کے تعلیمی ومقصدی پروگراموں کی توسیع کے لیے بھر پور تعاون دے رہے ہیں۔

جدہ میں یونیورسٹی کا امتحانی مرکز

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی حیدرآباد کی جانب سے جدہ سعودی عرب میں ہندوستانی سفارتخانہ کے تعاون سے رواں تعلیمی سال یعنی 2006-2005 سے ہندوستانیوں کی سہولت کے لیے امتحانی مرکز کا جدہ میں ہی قیام عمل میں لایا جارہا ہے۔ اس خصوص میں قونصل جنرل ہند متعینہ سفارتخانہ جدہ ڈاکٹر اوصاف سعید اور وائس چانسلر مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی پروفیسر اے ایم پٹھان نے اپنے دفاتر کو فی الفور ضروری اقدامات کرنے کی ہدایت جاری کردی ہے جبکہ یونیورسٹی کی جانب سے آئندہ تعلیمی سال سے اندرا گاندھی نیشنل اوپن یونیورسٹی کی طرز پر جدہ سعودی عرب اور اس کے دوسرے شہروں میں اردو یونیورسٹی کے اسٹڈی سنٹرس کا قیام بھی عمل میں لایا جائے گا۔ جدہ کی تعلیمی ایجنسیوں کے ساتھ رابطہ قائم کرتے ہوئے یونیورسٹی کے انڈر گریجویٹ' پوسٹ گریجویٹ اور دیگر کورسس میں غیر مقیم ہندوستانیوں کو داخلہ اور فاصلاتی نظام تعلیم کا امتحان لکھنے کی سہولت فراہم کی جائے گی۔

اردو کو انفارمیشن ٹکنالوجی سے مربوط کرنے کی ضرورت ...... وائس چانسلر

اکیسویں صدی میں اردو کا موقف انفارمیشن ٹکنالوجی کے چیلنج پر منحصر ہے لہٰذا اس صدی میں اردو کو انفارمیشن ٹکنالوجی سے مربوط کرتے ہوئے دنیا کو یک لسانیت یا یک لسانی حیثیت اختیار کرنے سے روکا جاسکتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار پروفیسر اے ایم پٹھان وائس چانسلر مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی نے مولانا آزاد ایجوکیشنل کیمپس حیدرآباد میں آل انڈیا اردو ایجوکیشنل کمیٹی اور کالج ڈیولپمنٹ کمیٹی نامپلی ایجوکیشنل کیمپس کی جانب سے منعقدہ ایک سمینار کا افتتاح انجام دینے کا بعد اپنے خصوصی خطاب کے دوران کیا۔ پروفیسر اے ایم پٹھان نے آزادی کے فوری بعد اردو زبان وادب کی ترقی وترویج کے علاوہ اردو کو اس کا مستحقہ مقام نہ دیے جانے کی وجوہات پر بھی تفصیلی روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ انفارمیشن ٹکنالوجی سے تال میل اور ہم آہنگی کے بغیر عصری علوم کو اردو زبان میں منتقل نہیں کیا جاسکتا۔ "اکیسویں صدی میں اردو کا رول" عنوان سے منعقدہ اس سمینار کے شرکاء سے اپنے خطاب کے دوران پروفیسر اے ایم پٹھان نے اکیسویں صدی کو سائنس اور ٹکنالوجی کی صدی قرار دیتے ہوئے کہا کہ دور حاضر میں روزانہ لاکھوں نہیں تو ہزاروں اصطلاحیں' سینکڑوں موضوعات ومضامین اور بیسیوں نئے علوم نہ صرف وجود میں آرہے ہیں بلکہ ان کی تشہیر بھی ہورہی ہے لہٰذا اردو زبان میں ان علمی خزانوں کو جذب کرنے کی شدید ضرورت ہے۔ پروفیسر اے ایم پٹھان نے کہا کہ آج جتنا سرمایہ اردو کی ترقی وترویج پر صرف کیا جارہا ہے اسے دیکھ کر ایک خوش گوار حیرت بلکہ مسرت ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی جہاں علمی وادبی خدمات انجام دے رہی ہے وہیں اردو کے کئی اور نمائندہ ادارے ملک بھر میں شب وروز اردو کی ترقی وترویج میں جٹے ہوئے ہیں۔ پروفیسر پٹھان نے اردو اکیڈیمیوں کی جانب سے عصری علوم کی ترجمہ کاری اور عصری تقاضوں سے نمٹنے کے لیے ہندوستان بھر کے اردو اداروں کا قومی وفاق (فیڈریشن) قائم کرنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اس طرح کے اقدامات سے اکیسویں صدی میں اردو زبان کی ایک نئے انداز سے ترقی وترویج کی راہ ہموار کی جاسکتی ہے۔ انہوں نے اردو والوں پر زور دیا کہ وہ نئی نسل کو اپنی مادری زبان سے جوڑیں تاکہ یہ نسل اپنے علوم' اپنی معلومات' اپنے فن اور اپنی مہارت کو اردو زبان میں منتقل کرنے کی اہل ہوسکے۔ اور اردو کو جو کہ ایک علمی زبان ہے اس کا حقیقی موقف اور منصب حاصل ہوسکے۔ اور یہ اسی وقت ممکن ہے جب اردو والے اپنی زبان کے بارے میں اپنا رویہ بدلیں اور اس کے فروغ کے لیے ایک موثر لائحہ عمل تیار کریں۔ پروفیسر اے ایم پٹھان نے کہا کہ یہ عام مطالبہ رہا ہے کہ اردو زبان کو روزگار سے جوڑا جائے۔ یقیناً اس سے روزگار کے کچھ مواقع نکل سکتے ہیں۔ لیکن محض روزگار کے مواقعوں کی کمی کو بنیاد بنا کر اردو سے دوری مناسب نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ بچوں کی ابتدائی تعلیم ان کی مادری زبان میں ہی ہونی چاہیے' یہ صرف میرا نہیں بلکہ دنیا کے ماہرین تعلیمات' ماہرین نفسیات اور خود ہمارے ملک کی عدالت عالیہ کا بھی خیال ہے۔ لہٰذا اردو والے معیاری اردو اسکول فراہم کریں تو ماں باپ اپنے بچوں کو انگریزی اسکولوں کو بھیجنا چھوڑ دیں گے۔ ہم اردو میڈیم کے معیاری اسکول فراہم کرکے بھی اکیسویں صدی کے اس چیلنج کا مقابلہ کرسکتے ہیں۔

کسی زبان کی یونیورسٹی کی تشکیل انتہائی مشکل امر ۔ پروفیسر سلیمان صدیقی

عثمانیہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر سلیمان صدیقی نے کہا کہ کسی یونیورسٹی کی تشکیل بلاشبہ بہت مشکل کام ہے لیکن اس سے بھی بہت زیادہ مشکل اور دشوار گزار کام کسی زبان کی یونیورسٹی کی تشکیل ہے۔ وہ زبان خواہ اردو ہندی ہو یا تلگو مراٹھی۔ سبھی کے ساتھ نصابی مواد کی فراہمی اور ترجمے کے مسائل دامن گیر ہوجاتے ہیں۔ اس خیال کا اظہار پروفیسر سلیمان صدیقی نے وائس چانسلر جامعہ عثمانیہ مقرر کیے جانے کے بعد مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں ان کے اعزاز میں منعقدہ تہنیتی تقریب سے خطاب کے دوران کیا۔ واضح رہے کہ پروفیسر سلیمان صدیقی اردو یونیورسٹی کے پہلے رجسٹرار کی حیثیت سے چار برسوں تک کارہائے نمایاں انجام دے چکے ہیں۔ جلسے کی صدارت وائس چانسلر پروفیسر اے ایم پٹھان نے کی جبکہ جامعہ عثمانیہ کے سابق وائس چانسلر پروفیسر ایم ملا ریڈی اور ڈاکٹر امبیڈکر یونیورسٹی کے سابق وائس چانسلر پروفیسر افضل محمد بھی اس تقریب میں موجود تھے۔

پروفیسر سلیمان صدیقی نے اردو یونیورسٹی سے وابستہ یادوں کو تازہ کیا اور بتایا کہ ابتدائی دور کے ملازمین نے ان کے ساتھ مل کر زبردست محنت کی تھی جس کے نتیجے میں یونیورسٹی کو مضبوط بنیادیں فراہم ہوئی ہیں۔ انہوں نے عثمانیہ یونیورسٹی کے حوالے سے کہا کہ وہ وہاں کے ٹیچنگ' نان ٹیچنگ اسٹاف اور طلبہ کے آپسی رشتوں کو مضبوط بنانے کی پوری کوشش کریں گے۔ وائس چانسلر پروفیسر اے ایم پٹھان نے اپنی صدارتی تقریر میں پروفیسر صدیقی کا خیر مقدم کرتے ہوئے انہیں یونیورسٹی سے مضبوط رشتے بنائے رکھنے کی دعوت دی اور ان کی کامیابیوں اور ترقیوں کے لیے نیک تمنائیں پیش کیں۔ پروفیسر پٹھان نے بتایا کہ کسی بھی ریاستی دارالحکومت میں واقع یونیورسٹیوں کے مسائل ریاست کے مختلف شہروں میں واقع یونیورسٹیوں کے مسائل سے یکسر جدا ہوتے ہیں جن سے نپٹنا بہت مشکل ہوتا ہے۔ پروفیسر ملا ریڈی نے کہا کہ نظام حکمرانوں نے عثمانیہ یونیورسٹی کی شکل میں ہمیں عظیم تحفہ دیا ہے مگر افسوس کہ اب وہاں کلچر بدل گیا ہے۔ اس کیمپس میں بہت سارے چیلنجز ہیں۔ پروفیسر افضل محمد نے پروفیسر صدیقی کی صلاحیتوں کا اعتراف کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے بانی وائس چانسلر اردو یونیورسٹی پروفیسر محمد شمیم جیراجپوری کے ساتھ مل کر اردو یونیورسٹی میں نمایاں خدمات انجام دیں۔ انہوں نے کہا کہ اردو یونیورسٹی پورے ملک کے اردو والوں کی تعلیمی ضرورتوں کی تکمیل کررہی ہے۔ قبل ازیں جناب سید عبدالواجد نے استقبالیہ تقریر کی اور پروفیسر صدیقی کے طریقہ کار کے حوالے سے چند موثر واقعات سنائے۔ ریڈر ٹرانسلیشن ڈویژن ڈاکٹر محمد ظفر الدین نے جلسے کی کارروائی چلائی اور پروفیسر صدیقی کا تعارف کراتے ہوئے کہا کہ پروفیسر صدیقی کی یادوں کی مہک اردو یونیورسٹی کی ابتدائی تاریخ کے ایک ایک ورق میں موجود ہے۔ کنٹرولر آف ایگزامنیشن ڈاکٹر ایس اے وہاب نے شکریہ ادا کیا۔ پروفیسر صدیقی کو یونیورسٹی کی جانب سے پروفیسر پٹھان اور پروفیسر ملا ریڈی نے اور ملازمین کی جانب سے جناب جان خان اور جناب محمد یوسف نے گلدستے اور شال پیش کیے۔ جلسے میں کینیڈا سے آئی ہوئی پروفیسر صدیقی کی بہن اور بہنوئی اور مسز پروفیسر پٹھان نے بھی شرکت کی۔

سنٹر فار ویمنس اسٹڈیز کا افتتاح' "مسلم خواتین اور پرسنل لا" پر ایک روزہ قومی سمینار

یونیورسٹی گرانٹس کمیشن کے وائس چیئرمین پروفیسر راج سیکرن پلائی نے یونیورسٹی میں ڈائرکٹوریٹ آف ویمنس اسٹڈیز کے تحت سنٹر فار ویمنس اسٹڈیز کا افتتاح کرتے ہوئے کہا کہ وہ پہلی بار یونیورسٹی آئے ہیں اور انہیں یہ دیکھ کر خوشی ہوئی کہ یونیورسٹی کی جیسی شہرت ہے اُس کے عین مطابق یہ ترقی کی راہ پر گامزن ہے۔ افتتاحی تقریب کی صدارت وائس چانسلر پروفیسر اے ایم پٹھان نے کی جبکہ اس موقع پر "مسلم خواتین اور پرسنل لا" کے موضوع پر منعقدہ ایک روزہ قومی سمینار میں کلیدی خطبہ آندھرا پردیش ہائی کورٹ کے جج جناب جسٹس بلال احمد نازکی نے پیش کیا۔

تصویر میں وائس چانسلر پروفیسر اے ایم پٹھان' جسٹس بلال احمد نازکی' رجسٹرار جناب فاروق احمد اور وائس چیئرمین یونیورسٹی گرانٹس کمیشن پروفیسر راج سیکرن پلائی

پروفیسر پلائی نے ہندوستان میں خواتین کے مسائل کو موضوع بناتے ہوئے یقین دلایا کہ سنٹر فار ویمنس اسٹڈیز کو مزید مستحکم اور بااختیار بنانے کے لیے یو جی سی کل ہند سطح پر ایک کانفرنس منعقد کرنے والی ہے جس میں خواتین کی ترقی اور ان کے مسائل اور تعلیم سے دلچسپی رکھنے والے اور ماہر خواتین کی کمیٹی تشکیل دی جائے گی۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ دستور ہند مرد وخواتین دونوں کو یکساں حقوق اور اختیارات دیتا ہے لیکن خواتین کو یہ حقوق نہیں مل پاتے اس کے لیے یو جی سی تمام مضامین میں ویمن اسٹڈیز کو شامل کرنے کی تجویز رکھتی ہے۔ خواتین کو بااختیار بنانے کے سلسلے میں پنچایت راج سے شروعات ہوچکی ہے جہاں

Scanned with CamScanner

33% خواتین کو پنچایتوں میں شامل کیا گیا ہے۔

آندھرا پردیش ہائی کورٹ کے جج جسٹس بلال احمد نازکی نے اپنے کلیدی خطبے میں کہا کہ اسلام ہی ایسا مذہب ہے جس میں مرد و عورت کے لیے علم کا حاصل کرنا ضروری ہے اور دوسری حدیث میں آیا ہے کہ جو باپ اپنی لڑکی کو اچھی تعلیم دے گا اللہ تعالیٰ اُسے جنت میں داخل کرے گا۔ انہوں نے خواتین کو اسلام نے جو معاشی اور سماجی حقوق دیے ہیں اس کا تفصیلی جائزہ پیش کیا۔ پروفیسر اے ایم پٹھان نے اپنے صدارتی کلمات میں سنٹر کے افتتاح پر مبارک باد دی اور توقع ظاہر کی کہ سنٹر آج کے اس سمینار میں پیش کیے جانے والے مقالات اور خیالات کے ذریعہ اپنی تحقیقی اور تعلیمی کام میں مدد لے گا اور بہتر کارکردگی انجام دیتے ہوئے خواتین میں تعلیمی فروغ اور شعور کو پیدا کرنے میں معاون ثابت ہوگا۔ پروفیسر کے آر اقبال احمد ڈائرکٹر فاصلاتی تعلیم جناب فاروق احمد رجسٹرار مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی نے مہمانانِ خصوصی کا تعارف پیش کیا۔ ڈائرکٹر انچارج سنٹر فار ویمنس اسٹڈیز ڈاکٹر ریحانہ سلطانہ نے افتتاحی کلمات پیش کرتے ہوئے سنٹر کے مجوزہ پروگرام سے واقف کرایا۔ ڈاکٹر شاہدہ لکچرر نے کاروائی چلائی اور ڈاکٹر آمنہ تحسین نے شکریہ ادا کیا۔

سمینار کے پہلے اجلاس میں محترمہ حسنات منصور ممبر کمیشن برائے اقلیت بنگلور نے ''مسلم خواتین اور تعلیم'' کے موضوع پر اپنا مقالہ پیش کیا۔ محترمہ آمنہ نقوی ایڈوکیٹ نے ''فسخ نکاح'' کے عنوان سے مقالہ پیش کیا۔ ڈاکٹر ثریا تبسم آئی ایف ای ایس کے مقالہ کا موضوع ''مسلم خواتین پرسنل لاء کا ادراک اور اس پر عمل'' تھا۔ اس اجلاس کا آخری مقالہ جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی کے شعبہ جغرافیہ میں پروفیسر محترمہ حسینہ حاشیہ نے ''مسلم خواتین اور سماجی مسائل'' کے موضوع پر پیش کیا۔ ان چاروں مقالہ نگاروں نے تحقیقی مقالات پیش کیے جو بہت ہی فکر انگیز تھے۔ صدارت کے فرائض پروفیسر اشرف رفیع سابق صدر شعبۂ اردو عثمانیہ یونیورسٹی نے انجام دیے۔ سمینار کے دوسرے اجلاس میں پانچ مقالے پیش کیے گئے۔ ڈاکٹر عظمیٰ ناہید ڈائرکٹر اقراء فاؤنڈیشن ممبئی نے ''نکاح نامہ'' کے موضوع پر مقالہ پیش کیا۔ مولانا خالد سیف اللہ رحمانی جنرل سکریٹری اسلامک فقہ اکیڈمی نے ''تفویض طلاق'' کے موضوع پر اظہار خیال کیا۔ محترمہ نیلوفر سعید اختر ایڈوکیٹ ممبئی ''طلاق ثلاثی اور ترکہ'' کے موضوع پر اپنا مقالہ پیش کیا۔ محترمہ ثروت علیم خاں الفرقان اسٹڈی سنٹر حیدرآباد نے ''تعلیمی حقوق'' کے عنوان سے اپنے خیالات پیش کیے۔ اس اجلاس کا آخری مقالہ محترمہ رفعت سیما پرنسپل جامعات البنات حیدرآباد نے پیش کیا جو ''مہر'' کے موضوع پر تھا۔ اس اجلاس کی صدارت پروفیسر احمد اللہ خاں ڈین فیکلٹی آف لا عثمانیہ یونیورسٹی نے انجام دی۔ تیسرا اجلاس پینل مباحثہ پر مبنی رہا جس کی صدارت پروفیسر محسن عثمانی چیئرمین شعبۂ عربی CIEFL حیدرآباد نے کی اور موجودہ حالات میں خواتین کے مسائل اور اس کے سنجیدہ حل کے سلسلہ میں تجاویز پیش کیں۔ آخر میں اختتامی اجلاس کی صدارت کے فرائض پروفیسر ایس اے وہاب کنٹرولر آف اگزامنیشن مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی نے انجام دیے۔

National Science Day Lecture

Maulana Azad National Urdu University has started a series of lectures coinciding with different important occasions. The University decided to hold three lectures every year under Foundation Lecture series. These lectures are classified as National Science Day Lecture in memory of Bharat Ratna Dr. C. V. Raman , Teacher's Day Lecture in the memory of Dr. S. Radhakrishnan, former President of India & Education Day Lecture in memory of Maulana Abul Kalam Azad, the first Education Minister of India. The motive of the lectures would be to pay homage to the relevant personalities, to their memories, their teaching and thoughts and also to enrich the knowledge of students & staff of the University.

Under this Foundation Lecture series, the University organized the National Science Day Lecture in which Dr. C.M. Habibullah, Director, Deccan College of Medical Sciences and Allied Hospitals and other Para-Medical Institutions presented his valuable lecture on the topic "Stem Cells for Future Regenerative Medicine". Prof. A. M. Pathan, Vice-Chancellor, Maulana Azad National Urdu University presided over the function and Mr. Farooq Ahmed, Registrar of the University presented the vote of thanks. The Vice-Chancellor also extended his thanks to Dr. Habibullah for delivering such an illuminating lecture and termed the lecture an eye opener for students, faculty members, staff of the University and others. Dr. Zafaruddin, Reader, Translation Division was the Convenor.

نظامت تعلیم نسواں

یونیورسٹی میں ستمبر ۲۰۰۴ء میں مختلف شعبوں کے اساتذہ کے تقررات عمل میں آئے۔ نظامت تعلیم نسواں (Directorate of Women's Education) میں ریڈر اور دو لیکچررز کا تقرر عمل میں آیا جس کے ساتھ ہی شعبہ کی روایتی تعلیمی سرگرمیاں شروع ہوئیں۔

U.G.C. میں سنٹر فار ویمنس اسٹڈیز (CWS) کے لیے proposal بھیجا گیا تھا جس کا presentation ۱۴ ستمبر کو ہوا۔ اور ۳ دسمبر ۲۰۰۴ء میں U.G.C. نے DWE کے تحت سنٹر فار ویمنس اسٹڈیز کو منظور کیا اور اس کی منظوری کے ساتھ ہی سنٹر کے لیے پیش رفت شروع ہوئی۔ اسٹاف برائے سنٹر فار ویمنس اسٹڈیز کے لیے U.G.C. کی ہدایات کے مطابق نوٹیفکیشن جاری ہوا اور لیبر وری میں تقررات عمل میں آئے۔

نظامت تعلیم نسواں کی سرگرمیاں : نظامت میں اساتذہ کے تقرر کے بعد ایم اے ویمنس اسٹڈیز کے مجوزہ دو سالہ روایتی پروگرام کے لیے نصاب کی تیاری کا کام شروع ہوا۔ اس کے لیے مختلف ویمن یونیورسٹیوں اور U.G.C. کے Model Curriculum کے نصاب کا جائزہ لیتے ہوئے شعبہ کے اساتذہ ڈاکٹر ریحانہ سلطانہ ریڈر ڈاکٹر شاہدہ لیکچرر اور ڈاکٹر آمنہ تحسین لیکچرر نے نصاب کا ایک رف ڈرافٹ تیار کیا۔ اسی دوران یونیورسٹی نے اڈھاک بورڈ آف اسٹڈیز کا قیام عمل میں لایا۔ اراکین بورڈ آف اسٹڈیز نے مجوزہ نصاب کے مسودہ کا جائزہ لیتے ہوئے کچھ ترمیم و اضافہ کے ساتھ اس نصاب کو عملی صورت دینے کی سفارش کی۔

سفارشات کی روشنی میں نظامت تعلیم نسواں کے تحت دو سالہ ایم اے ویمنس اسٹڈیز کا نصاب تیار ہوا اور اکیڈیمک کونسل کی منظوری کے بعد نصاب کے جزیات کا اردو میں ترجمہ کیا جا رہا ہے۔ سنٹر کے تحت تعلیم، تربیت، توسیع و تحقیقی پروگراموں کے لیے مختصر خاکہ تیار کیا گیا۔ اور U.G.C. کے نظر ثانی شدہ ہدایات کے تحت ایک اڈوائزری کمیٹی کا قیام عمل میں لایا گیا۔ Sri Padmavati Mahila Viswa Vidyalayam Tirupati میں منعقدہ دو روزہ "Southern Region Directors - Centre for Women's Studies" Net working workshop کے ورک شاپ میں ڈاکٹر ریحانہ سلطانہ انچارج ڈائرکٹر سنٹر فار ویمنس اسٹڈیز اور ڈاکٹر آمنہ تحسین لیکچرر نظامت تعلیم نسواں نے شرکت کی۔ اس ورک شاپ میں CWS-MANUU کو Joint Research Programme کے سلسلے میں تلنگانہ علاقہ کے لیے نگران مقرر کیا گیا۔ بنگلور میں کرناٹک اسٹیٹ کمیشن کی جانب سے منعقدہ دو روزہ قومی کانفرنس و مباحثہ بعنوان "Muslim Women & her rights" میں بھی انچارج ڈائرکٹر نے شرکت کی اور پینل مباحثہ میں حصہ لیا۔

سنٹر فار ویمنس اسٹڈیز مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کا باقاعدہ افتتاح وائس چیرمین U.G.C. پروفیسر وی این راج سیکرن پلائی کے ہاتھوں عمل میں آیا۔ اس موقع پر ایک روزہ قومی سمینار ''مسلم ویمن اور پرسنل لا'' کے موضوع پر منعقد کیا گیا۔ افتتاح کے موقع پر جسٹس بلال احمد نازکی نگراں چیف جسٹس آندھرا پردیش ہائی کورٹ نے کلیدی خطبہ دیا۔ اس قومی سمینار میں 6 بیرون ریاست کے اسکالرز اور پچاس سے زیادہ مفکرین و دانشوروں کے علاوہ یونیورسٹی کے اعلیٰ عہدیداروں اور اسٹاف نے شرکت کی۔

Indian Association of Women's Studies کی جانب سے چار روزہ نیشنل کانفرنس ''گوا'' میں منعقد ہوئی۔ اس کانفرنس کے موقع پر انچارج ڈائرکٹر ڈاکٹر ریحانہ سلطانہ نے ریتو مینن ایڈیٹر Women-Unlimited کے ساتھ مل کر Educating Muslim Girls - A personal narrative and situational analysis کے موضوع پر اپنا مقالہ پیش کیا۔ اس دوران سنٹر فار ویمنس اسٹڈیز نے نمائندہ N.G.O's کے ساتھ کئی مشاورتی اجلاس منعقد کیے ہیں۔ ان اداروں کے ساتھ Gender Sensitisation کے لیے مختلف لیکچرز کے انعقاد کے لیے کوششیں کی جا رہی ہیں۔ خواتین کے مسائل پر سروے کے لیے ریسرچ آفیسر اور ریسرچ فیلوز کی مدد سے سوال ناموں کی تیاری جاری ہے۔

''شعبہ ماس کمیونیکیشن و جرنلزم میڈیا کے میدان میں پہلا قدم''

میڈیا کی روز افزوں ترقی نے علم و عمل کے میدان کو خاصی وسعت دی ہے۔ پرنٹ اور الکٹرانک، دونوں قسم کے ذرائع ابلاغ میں نئے نئے تجربات کیے جا رہے ہیں۔ اور اس کا دائرہ وسیع سے وسیع تر ہوتا جا رہا ہے۔ متمدن شہری سماج سے لے کر دور دراز اور دشوار گزار مقامات تک ان وسائل سے استفادہ حاصل کیا جا رہا ہے۔ یہی سبب ہے کہ رسل و رسائل کے ان ذرائع کو کثیر مقصدی بنائے جانے کی سمت خصوصی توجہ دی جا رہی ہے جس سے عوام زیادہ سے زیادہ مستفید ہو سکیں۔

